اس کتاب میں مرتب نے نکاح شغار کی حرمت اور بٹہ مروجہ کی حلّت، فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم، اجماعِ صحابہؓ وتابعینؒ اور جید علماء کرام اور محدثین عظام کے فتاوی اور فیصلوں کی روشنی میں ثابت کی ہے اور محققانہ بحث سے "نکاح شغار" اور "بٹہ" میں فرق کو واضح کیا ہے۔ طالبانِ حق کے لئے اس کا مطالعہ بیحد مفید رہے گا۔

نام کتاب . . . سنت خیر الانام در سہ وتر بیک قعدہ وسلام
ناشر . . . فضل حق ہاشمی السلفی
ضخامت . . . ۷۵ صفحات
قیمت . . . ایک روپیہ

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وتروں کی نماز کس طرح ادا فرمائی، اس رسالہ کا موضوع ہے۔ شروع کے تقریباً چھ صفحات میں مولانا عطا محمد صاحب حنفی کے وتروں کے متعلق دو فتوے ہیں۔ اس کے بعد کے سات صفحات میں حافظ محمد صاحب گوندلوی نے اس سلسلہ میں مسلک اہلحدیث پر روشنی ڈالی ہے۔ ص۱۹ سے ص۲۸ تک مسلک اہلحدیث پر مولانا عطا محمد صاحب کی تنقید ہے اور پھر ص۲۹ سے ص۷۵ تک محترم حافظ صاحب کی طرف سے جوابِ تنقید اور وضاحتی مضمون ہے، جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔
محبانِ سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ رسالہ ایک تحفہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

رہنمائے وراثت مع جدول
ترتیب وتدوین . . . مولانا ابو السلام محمد صدیق صاحب
ناشر . . . ادارہ احیائے السنۃ النبویہ، ڈی بلاک سٹلائٹ ٹاؤن

وراثت کی تقسیم کا مسئلہ جہاں بیحد اہم ہے وہاں عامۃ المسلمین کے لئے اس کے دقیق ہونے میں بھی کوئی شبہ نہیں۔ ضرورت تھی کہ علم میراث کو کسی ایسے انداز سے پیش کیا جاتا جس کی بنا پر کم پڑھے لکھے اردو دان حضرات بھی مسائل ضروریہ کا حل بآسانی نکال سکتے مولانا ابو السلام محمد صدیق صاحب نے اس ضرورت کو بحمد اللہ بخوبی اور بطریق احسن پورا

کر دکھایا ہے شروع میں مسائل کی تفصیلات اور آخر میں جدول کے ذریعہ حصص کی تقسیم، تو گویا دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے ۔ شائقینِ علمِ وراثت کیلئے بیحد مفید، ضخامت ۴۰ صفحات تقریباً، کتابت وطباعت معیاری، سفید کاغذ، خوبصورت پلاسٹک کور کے ساتھ، قیمت صرف تین روپے پچاس پیسے ۔

نام کتاب ۔ ۔ ۔ قبروں پر مسجدیں اور اسلام

تالیف ۔ ۔ ۔ الشیخ محمد ناصر الدین البانی

ترجمہ ۔ ۔ ۔ محمد صادق خلیل

ضخامت ۔ ۔ ۔ تقریباً دوسو صفحات، قیمت ۴/۵۰ روپے

قرآن وحدیث کے واضح احکام کے برعکس مروجہ بدعات میں سے بدترین، لیکن بہت ہی عام قبر پرستی ہے ۔ بلکہ اس کی بہت سی اقسام تو شرک جلی کی صورت اختیار کر جاتی ہیں ۔ اور افسوسناک امر تو یہ ہے کہ اس شرک و بدعت کی تمام تر بنیاد دین محض جہالت، شکم پروری اور اندھی تقلید پر استوار کی گئی ہیں ۔ زیرِ نظر کتاب میں مصنف نے آیاتِ قرآنی، احادیث نبویؐ، تعاملِ صحابہؓ اور اقوالِ ائمہ اسلام کی روشنی میں طویل ومفصل بحث درج کر کے اس مکروہ بدعت کا بڑے شاندار طریق سے رد کیا ہے ۔ ترجمہ بھی خوب ہے لیکن افسوس کہ کتاب کی پروف ریڈنگ کی طرف بہت کم توجہ دی گئی ہے، تاہم موضوع کی اہمیت اور افادیت بہرحال مسلم ہے ۔ امید ہے عامۃ المسلمین اس کا مطالعہ ضروری خیال کریں گے ۔

قاعدہ تسہیل القرآن

مرتبین : عبدالستار رحمانی وعبدالرحمٰن عابد

۲۰×۳۰/۱۶ سائز کے ۳۲ صفحات، سفید کاغذ کتابت وطباعت آفسٹ،

قیمت صرف ۳۰ پیسے

ملنے کا پتہ : مدرسہ رحمانیہ گارڈن ٹاؤن لاہور ۔ ۱۶

مسلمان بچوں کی تعلیم کا آغاز قرآن مجید سے ہونا چاہیئے ۔ اس کے متعلق قرآنی